سٹالین | مترجمہ محمد اشرف خاں صاحب عطا تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات۔ کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۸ر پتہ:۔ مکتبہ اردو لاہور۔

سٹالین عہد حاضر کی عظیم شخصیت ہے جس نے ایک نہایت غریب گھرانہ میں پرورش پائی۔ مگر آج کی دنیا میں وہ ایک فولادی انسان ہے جس کے حیرت انگیز عزم استقلال، قوت تنظیم اور صلاحیت حکمرانی کی داستانیں بچہ بچہ کی زبان پر ہیں اور ایک عالم فرط حیرت سے انگشت بدنداں ہے۔ ۱۹۳۵ء میں اسی عظیم و جلیل شخصیت کے سوانح حیات کے مختلف پہلوؤں اور سوویٹ روس کی ترقیات۔ روس کا نظام حکومت اور اس کی سیاست خارجہ اور ٹراٹسکی اور سٹالین کی باہمی آویزش پر روس کے چند ذمہ دار اصحاب نے مقالات لکھے تھے جو لندن سے شائع ہوئے تھے عطا صاحب نے انھیں مقالات کا صاف وسلیس اور شستہ زبان میں اردو ترجمہ کیا ہے جو دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے۔

پنجابی گزٹ سالنامہ | تقطیع کلاں ضخامت ۱۳۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر اس خاص نمبر کی قیمت عمر پتہ:۔ دفتر پنجابی گزٹ لائبریری روڈ دہلی۔

پنجابی گزٹ دہلی کی قوم پنجابیان کا ماہوار رسالہ ہے جس میں مختلف قسم کے ادبی۔ اصلاحی اور معاشرتی مضامین ہوتے ہیں۔ اس مرتبہ دسمبر اور جنوری کا یکجا پرچہ سالنامہ کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ اس میں سنجیدہ اور مزاحیہ ادبی مضامین اور افسانے شامل ہیں۔ نظم کا حصہ بھی اچھا ہے "عورتوں کی دنیا" کے عنوان سے ایک مستقل باب ہے جس میں بعض خواتین اور مردوں نے مضامین لکھے ہیں۔ اس رسالہ کو دیکھکر یہ محسوس کرکے خوشی ہوتی ہے کہ جو قوم پنجابیان اب تک صرف ایک تجارتی اور کاروباری قوم سمجھی جاتی تھی اور جس میں ان کی صلاحیتیں بہت زیادہ کامیاب نظر آتی تھیں اب اس قوم کے نوجوانوں میں علم وادب کا ذوق بھی پیدا ہو رہا ہے جس کو اگر معتدل آب وہوا میں صحیح تربیت اور نشوونما ملی تو امید ہے کہ اردو ادب کے مستقبل بنانے میں ان نوجوانوں کا بھی ہاتھ ہوگا علاوہ مضامین کے اس خاص نمبر میں اس جماعت کے ممتاز اور نامور حضرات کے فوٹو بھی شریک اشاعت ہیں۔